30-07-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50

سرخیاں

......ریاستی حکومت کسانوں کے فصل قرض معافی کے دوسری قسط کے طور پر آج ڈیڑھ لاکھ روپئے معاف کررہی ہے۔اس اسکیم کے ذریعہ چھ لاکھ سے زیادہ کسانوں کو فائدہ حاصل ہوگا۔

......جسٹس مدن بھیم راؤ لوکور کو تلنگانہ میں الیکٹرسٹی انکوائری کمیشن کا نیا چیئر مین مقرر کیا گیا ہے۔

......حکومت نے آج کہا کہ سرکاری ملازمین کے لیے پنشن نظام کا جائزہ لینے کے لیے تشکیل دی گئی کمیٹی نے اپنی حتمی رپورٹ پیش نہیں کی ہے اور یہ بھی کہ مرکزی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر نظر ثانی کے لیے آٹھویں مرکزی پے کمیشن کی تشکیل کی کوئی تجویز نہیں ہے۔

......بی آر ایس کے کارگزار صدر اور سرسلہ کے ایم ایل اے کے ٹی راما راؤ نے ریاستی حکومت سے دریافت کیا کہ کیا فارما سٹی کی زمین کسانوں کو واپس کی جاسکتی ہے۔

CROP LOAN

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج قانون ساز اسمبلی کے احاطے میں منعقدہ ایک پروگرام میں فصلوں کے قرض کی معافی اسکیم کے لیے فنڈز کی دوسری قسط جاری کی۔ اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار، نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا، وزیر زراعت تھملا ناگیشور راؤ اور دیگر وزراء نے پروگرام میں شرکت کی۔اس دوسرے مرحلے کے تحت کسانوں کے بینک کھاتوں میں 6,190 کروڑ روپے جمع کر کے 1.5 لاکھ روپے تک کے زرعی قرضوں کو معاف کیا جارہا ہے۔ان فنڈز کے اجراء سے تقریباً 6.40 لاکھ کسان مستفید ہورہے تھے۔کانگریس حکومت نے اگست 2024 تک 2 لاکھ روپے تک کے زرعی قرضوں کو معاف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔پہلی قسط میں 19 جولائی کو ایک لاکھ روپے تک کے قرضے معاف کیے گئے،جس سے 11.34 لاکھ کسان خاندانوں کو فائدہ ہوا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی حکومت کے لیے کسان کا مفاد سب سے زیادہ عزیز ہے۔اور اس سے وہ کوئی سیاسی فائدہ حاصل کرنا نہیں چاہتے۔ ۔ انہوں نے 6 مء2023 کو ورنگل کے کسانوں کے اعلامیہ میں کئے گئے اس عہد کو دہرایا کہ کسانوں کی خوشی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کسانوں کی حمایت میں کانگریس پارٹی کی تاریخی کوششوں کی تعریف کی۔انہوں نے ملک کے پہلے وزیر اعظم پنڈت نہرو کے ذریعہ لائے گئے سبز انقلاب،اندرا گاندھی کے بینکوں کو قومیانے اور سونیا گاندھی کی قیادت میں فوڈ سیکورٹی ایکٹ کا بھی ذکر کیا۔

BHATTI

اس دوران نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ فصل قرض کی معافی کا پروگرام ایک مثال ہے کہ کس طرح ریاستی حکومت عوام کے فلاحی اقدامات کے لئے تیزی کے ساتھ کام کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کا دن کسانوں کے لئے تہوار کی طرح یادگار رہے گا۔ کیونکہ انہیں

بڑے بوجھ سے نجات حاصل ہوئی ہے۔

## APPOINTED

جسٹس مدن بھیم راؤ لوکور کو تلنگانہ میں الیکٹرسٹی انکوائری کمیشن کا نیا چیئر مین مقرر کیا گیا ہے۔ یہ تقرری سپریم کورٹ کے جاری کردہ حکم کے بعد ہوئی ہے، جس میں سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی جانب سے کمیشن کی تشکیل اور سابق چیئر مین جسٹس نرسمہا ریڈی کی غیر جانبداری کو چیلنج کرنے والی ایک عرضی دائر کی گئی تھی۔ جسٹس لوکور نے چیف اے پی  ہائی کورٹ کے طور پر خدمات انجام دیں۔ بعد میں کامن ویلتھ آف نیشنز میں سپریم کورٹ کے جج کے طور پر خدمات انجام دیں۔ یہ کمیشن ریاستی حکومت کی جانب سے بجلی کی خریداری پر سابقہ حکومت کے فیصلوں کی تحقیقات کے لیے قائم کیا گیا تھا۔

## PAY COMMISSION

حکومت نے آج کہا کہ سرکاری ملازمین کے لیے پنشن نظام کا جائزہ لینے کے لیے تشکیل دی گئی کمیٹی نے اپنی حتمی رپورٹ پیش نہیں کی ہے اور یہ بھی کہ مرکزی سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر نظر ثانی کے لیے آٹھویں مرکزی پے کمیشن کی تشکیل کی کوئی تجویز نہیں ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں، ریاستی مملکتی وزیر خزانہ پنکج چودھری نے کہا کہ  نئی پنشن اسکیم کو ختم کرنے اور او پی ایس کو بحال کرنے کے لیے مختلف حلقوں سے وقتاً فوقتاً نمائندگیاں موصول ہوئی ہیں۔ انہیں پنشن کے نظام کا جائزہ لینے کے لیے بنائی گئی کمیٹی کے سامنے رکھا گیا ہے۔

## RE-JOIN

بی آر ایس گدوال کے ایم ایل اے بی کرشنا موہن ریڈی جو حال ہی میں برسر اقتدار کانگریس پارٹی میں شامل ہوئے تھے، آج اسمبلی احاطے میں واقع پارٹی قانون ساز دفتر میں پارٹی کے کارگذار صدر کے تارکا راما راؤ کی موجودگی میں دوبارہ پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے تارکا راما راؤ سے پارٹی میں دوبارہ شمولیت کی خواہش ظاہر کی۔ بی ار ایس کے آفیشل ہینڈل نے اس خبر کو سوشیل میڈیا سائٹ ایکس پر پوسٹ کیا۔

## TEACHERS

چیف منسٹر ریونت ریڈی جمعہ کو حیدرآباد کے لال بہادر اسٹیڈیم میں ایک پروگرام میں ریاست میں حال ہی میں ترقی پانے والے اساتذہ سے بات چیت کریں گے۔ کل جاری ایک سرکاری اعلان کے مطابق چیف سکریٹری شانتی کماری نے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس جتیندر، محکمہ تعلیم، سڑکوں اور عمارات، ایس سی ڈیولپمنٹ، حیدرآباد سٹی پولیس کمشنر، جی ایچ ایم سی کمشنر اور اطلاعات و تعلقات عامہ کے محکموں کے پرنسپل سکریٹریوں کے ساتھ ٹیلی میٹنگ کی۔ یہ پہلی بار ہے کہ ریاست نے اتنی بڑی تعداد میں اساتذہ کو ترقی دی ہے۔ شانتی کماری نے عہدیداروں کو بتایا کہ چیف منسٹر اس دن اس میٹنگ میں ترقی پانے والے اساتذہ سے براہ راست بات چیت کریں گے۔ عہدیداروں نے تقریباً 30 ہزار مدعوین کے لیے مناسب انتظامات پر تبادلہ خیال کیا۔

## KOMARAM BHEEM

بی جے پی سرپور کے رکن اسمبلی ڈاکٹر پی ہریش بابو نے کمرم بھیم آصف آباد ضلع کو ریاست مہاراشٹرا میں ضم کرنے پر زور دیا۔ اگر ریاستی حکومت کی جانب سے مناسب فنڈس فراہم نہیں کیے گئے۔ آج قانون ساز اسمبلی میں آبپاشی اور شہری سپلائی کے شعبوں پر بحث کے دوران ہریش بابو نے ان کے ضلع کی تمام شکایتوں کو دور کرنے پر زور دیا۔ ڈاکٹر ہریش بابو نے مقنّنہ پر زور دیا کہ وہ پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دیں۔ جو علاقے کے پسماندگی کو دور کرنے کے کام کا مطالبہ کرے اور اس کمیٹی کو مسائل کی یکسوئی کے کام سونپیں جائیں۔ جنوبی تلنگانہ کے پانی کو بنیادی طور پر جنوبی تلنگانہ کی طرف موڑ کر شمالی تلنگانہ کے ساتھ مبینہ طور پر ناانصافی کرنے پر بھی انہوں نے سابقہ حکومت پر سخت تنقید کی۔

CBI

بی جے پی ایم ایل اے ٹی راجہ سنگھ نے آج مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ سے 1000 کروڑ روپے کے جی ایس ٹی اسکام کی جانچ تلنگانہ سی آئی ڈی کے ذریعہ سنٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) کو منتقل کرنے کے لئے مداخلت کرنے کی درخواست کی۔ امیت شاہ کو لکھے گئے مکتوب میں انہوں نے ایک سنگین تشویش کے معاملے پر سابق کی توجہ مبذول کر رہے تھے جو عوامی مفاد اور انتظامی نظام کی سالمیت کے لیے نقصاندہ ہے۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر اور سرسلہ کے ایم ایل اے کے ٹی راما راؤ نے ریاستی حکومت سے دریافت کیا کہ کیا فارما سٹی کی زمین کسانوں کو واپس کی جاسکتی ہے۔ آج اسمبلی میں ٹیکس پر بحث کے دوران کے تارکا راما راؤ نے حیدرآباد میں فارما سٹی پراجکٹ کو آگے بڑھانے میں حکومت کی ہچکچاہٹ پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے کے لیے ماچرلہ سمیت متعدد دیہاتوں سے تقریباً 12,000 ایکڑ اراضی حاصل کی گئی ہے۔ تاہم کانگریس حکومت نے بارہا اس پروجیکٹ کو منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کسانوں کو یہ بتانے کی ضرورت پر زور دیا کہ اگر پروجیکٹ منسوخ کیا گیا تو ان کی زمینیں کب واپس کی جائیں گی۔ انہوں نے ایوان کو یاد دلایا کہ ماضی میں کانگریس قائدین کو دنڈا ریڈی، کوماٹی ریڈی وینکٹ ریڈی، سریدھر بابو، اور چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کسانوں کو فارما سٹی کی زمینیں واپس کرنے کا وعدہ کیا تھا۔

DOMESTIC

سائبرآباد کمشنر آف پولیس آفس میں خواتین اور بچوں کی حفاظتی ونگ (ڈبلیو اینڈ سی ایس ڈبلیو) ڈی سی پی سروجنا کرنم کے ذریعہ آج گھریلو تشدد پر ایک کوآرڈینیشن میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ شی ٹیموں، انسداد انسانی اسمگلنگ یونٹ (AHTU)، سکھی سنٹر، اور بھروسہ سنٹر کے نمائندوں نے میٹنگ میں سرگرمی سے حصہ لیا۔ میٹنگ کا مقصد سرگرمیوں کو مربوط کرنا اور گھریلو تشدد کے متاثرین کے لیے امدادی نظام کو بڑھانا، جامع اور بروقت امداد کو یقینی بنانا ہے۔ میٹنگ کے دوران، ڈی سی پی سروجنا کارنم نے گھریلو تشدد پر باہمی بات چیت کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر رنگا ریڈی، میڑچل - ملکاجگیری، اور سنگا ریڈی اضلاع کے ضلعی بہبود افسران کے ساتھ سکھی مراکز اور سنٹر فار ڈیولپمنٹ اینڈ امپاورمنٹ کے نمائندے شامل تھے۔